267 عن ابن مسعود وابن عمر وأنس رَضِيَ اللّٰهُ عَنۡهُم قالوا: قال النبى ﷺ: لكل غادر لواء يوم القيامة، يقال: هذه غدرة فلان. متفق عليه

268 عن ابن عمر رضى الله عنهما قال: قال رسول الله ﷺ لا يقيمن أحدكم رجلا من مجلسه ثم يجلس فيه، ولكن توسعوا وتفسحوا ـ متفق عليه

269 عن ابن عمر رضى اللهُ عَنۡهُما أن رسول الله ﷺ قال: لا يبع بعضكم على بيع بعض، ولا يخطب على خطبة أخيه إلا أن يأذن له ـ متفق عليه

270 عن عائشة رضى الله عنها قالت: قال رسول الله ﷺ:

خيركم خيركم لأهله، وأنا خيركم لأهلى» رواه الترمذى

271 عن أبي هريرة رضى اللهُ عَنۡهُ عن النبى ﷺ قال: لو دعيت إلى كراع أو ذراع لقبلت ولو أهدى إلى ذراع أو كراع لقبلت ـ رواه البخارى

272 عن أبي ذر رضى اللهُ عَنۡهُ قال: قال رسول الله ﷺ: إذا صمت من الشهر ثلاثة أيام، فصم ثلاث عشرة، وأربع عشرة، وخمس عشرة ـ رواه الترمذى

273 عن ابن عمر رضى الله عنهما أن رسول الله ﷺ قال: يقوم الناس لرب العالمين حتى يغيب أحدهم فى رشحه إلى أنصاف أذنيه ـ متفق عليه

274 عن عروة البارقى رَضِيَ اللّٰهُ عَنۡهُ أن رسول الله ﷺ قال:

الخيل معقود في نواصيها الخير إلى يوم القيامة، الأجر والمغنم ـ متفق عليه

275 عن أنس رضى اللهُ عَنْهُ عن النبي ﷺ أنه قال: «لا يؤمن أحدكم حتى أكون أحب إليه من والده وولده والناس أجمعين ـ متفق عليه

276 عن أبي هريرة رضى اللهُ عَنْهُ أن النبي ﷺ قال: من غدا إلى المسجد أو راح أعد الله له في الجنة نزلا كلما غدا أو راح ـ متفق عليه

277 عن سمرة رضى اللهُ عَنْهُ قال: قال رسول الله ﷺ: من توضأ يوم الجمعة فبها ونعمت ومن اغتسل فالغسل أفضل» رواه أبو داود والترمذي

278 عن معاوية رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قال: سمعت رسول الله ﷺ يقول: «إنك إن اتبعت عورات المسلمين أفسدتهم، أو كدت أن تفسدهم» رواه أبو داود

279 عن عمران بن حصين رضى اللهُ عَنْهُما قال: سمعت رسول الله ﷺ يقول: «ما بين خلق آدم إلى قيام الساعة أمر أكبر من الدجال» رواه مسلم

280 عن أنس رضى اللهُ عَنْهُ قال: قال رسول الله ﷺ: لا عدوى ولا طيرة، ويعجبني الفأل» قالوا: وما الفأل؟ قال: «كلمة طيبة» متفق عليه

281 عن ابن عباس رضى الله عنهما قال: قال رسول الله ﷺ: من اقتبس علما من النجوم اقتبس شعبة من السحر، زاد ما زاد ـ رواه أبو داود

282 عبد الله بن مسعود رضى اللهُ عَنْهُ قال: قال رسول الله ﷺ: ما أنزل الله عز وجل داء إلا أنزل له دواء علمه من علمه وجهله من جهله» رواه أحمد

283 عن قطبة بن مالك رضى اللهُ عَنْهُ قال: كان النبي ﷺ يقول: «اللهم إني أعوذ بك من منكرات الأخلاق، والأعمال، والأهواء» رواه الترمذي

284 عن النعمان بن بشير رضی اللهُ عَنۡهُما قال: سمعت رسول الله ﷺ يقول: «لَتُسَوُّنَّ صفوفكم، أو ليخالفن الله بين وجوهكم. متفق عليه

285 عن أبي أمامة صدى بن عجلان الباهلي رضی اللهُ عَنۡهُ قال: قال رسول الله ﷺ: «إن أولى الناس بالله من بدأهم بالسلام. رواه أبو داود

286 عن أبي هريرة رضی اللهُ عَنۡهُ أن رسول الله ﷺ قال: إذا قلت لصاحبك يوم الجمعة: أنصت- والإمام يخطب- فقد لغوت. متفق عليه

287 عن أبي هريرة رضی اللهُ عَنۡهُ أن رسول الله ﷺ قال: «ما من أحد يسلم علی إلا رد الله علی روحی حتی أرد عليه السلام» رواه أبو داود

288 عن عائشة رضی الله عنها قالت: كان النبی ﷺ يكثر أن يقول فی ركوعه وسجوده: سبحانك اللهم ربنا وبحمدك، اللهم اغفر لی. متفق عليه

289 عَنۡ مَعۡقِلِ بۡنِ يَسَارٍ، قَالَ: قَالَ رسول الله ﷺ:

"تَزَوَّجُوا الۡوَدُودَ الۡوَلُودَ، فَإِنِّي مُكَاثِرٌ بِكُمُ الۡأُمَمَ". رواه ابو داود

290 عن أبي هريرة رضی اللهُ عَنۡهُ عن رسول الله ﷺ قال: تعرض الأعمال يوم الاثنين والخميس، فأحب أن يعرض عملی وأنا صائم» رواه الترمذی

291 عن ابن عمر رضی اللهُ عَنۡهُ، ان رسول الله ﷺ "

نهى ان يصلى مع طلوع الشمس او غروبها."

292 عن أبي هريرة رضی الله عنه عن النبی ﷺ قال: «تعس عبد الدينار والدرهم والقطيفة إن أعطی رضی، وإن لم يعط لم يرض» رواه البخاری

293 عن أبي هريرة رضی الله عنه قال: قال رسول الله ﷺ :من سئل عن علم فكتمه الجم یوم القیامت بلجام من النار ۔رواہ ابی داؤد وترمذی

294 عن أبي هريرة رضی اللہُ عَنہُ أن رسول الله ﷺ قال لا تقوم الساعة حتی تخرج نار من ارض الحجاز تضیء اعناق الابل ببصر ۔متفق علیہ

295 عن ابی موسی الاشعری رضی الله عنه قال :قال رسول الله ﷺ اذا مرض العبد او سافر کتب له ما کان یعمل مقیما صحیحا ۔رواہ البخاری

296 عن عمران بن الحصين رضی الله عنهما قال: قال لی النبی ﷺ: اصل قائما، فإن لم تستطع فقاعداً، فإن لم تستطع فعلى جنب» رواہ البخاری

297 عن أبي هريرة رضی اللہُ عَنہُ عن النبی ﷺ قال: «تعوذوا بالله من جهد البلاء، ودرك الشقاء، وسوء القضاء، وشماتة الأعداء ۔متفق علیہ

298 عن أبي هريرة رضی اللہُ عَنہُ قال: قال رسول الله ﷺ:إذا دعی أحدكم فليجب، فإن كان صائما فليصل، وإن كان مفطرا فليطعم ۔رواہ مسلم

299 عن أبي عبس عبد الرحمن بن جبير رضی اللہُ عَنہُ قال: قال رسول الله ﷺ: ما اغبرت قدما عبد فی سبیل الله فتمسه النار» رواہ البخاری

300 عن بریدة رضی اللہُ عَنہُ قال: قال رسول الله ﷺ: «لا تقولوا للمنافق سيدٌ، فإنه إن يك سيدا، فقد أسخطتم ربكم عز وجل» رواہ أبو داود

....

نصاب لحفظ الحدیث کی ترتیب کے مطابق ہر حدیث شریف کا ترجمہ

1۔ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ہر نیک کام صدقہ ہے۔2۔ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: میں اور قیامت دونوں ایسے نزدیک ہیں جیسے یہ (کلمہ اور بیچ کی انگلیاں) نزدیک ہیں۔3۔ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: نظر بد لگنا حق ہے۔4۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا" :رب کی رضا والد کی رضا میں ہے اور رب کی ناراضگی والد کی ناراضگی میں ہے۔"۔5۔ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جو رحم نہیں کرتا اس پر رحم نہیں کیا جاتا۔6۔ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: اے اللہ! زندگی تو بس آخرت ہی کی زندگی ہے، پس تو انصار و مہاجرین کی مغفرت کر۔7۔ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا : اچھی بات صدقہ ہے۔8۔ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: حیاء ایمان سے ہے ۔9۔ حضرت عبد اللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے روایت کی، کہا: ایک سفر کے دوران میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ہم سے پیچھے رہ گئے، آپ ہمارے پاس پہنچے تو عصر کی نماز کا وقت ہو چکا تھا، ہم میں سے کچھ لوگ (اپنے پاؤں پر)جلدی میں ہاتھ پھیرنے لگے تو آپ نے بلند آواز سے فرمایا! ان ایڑیوں کے لیے آگ کا عذاب ہے۔10۔ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: خالہ ماں کے درجہ میں ہے۔11۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ مریض اونٹوں والا اپنے اونٹ تندرست اونٹوں والے کے اونٹ میں نہ چھوڑے۔12۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا : مسواک منہ کی پاکیزگی، رب تعالی کی رضا کا ذریعہ ہے۔13۔ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: کہ وترات کی تمام نمازوں کے بعد پڑھا کرو۔14۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، ظلم قیامت کے دن اندھیرے ہوں گے۔15۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، سحری کھاؤ کہ سحری میں برکت ہوتی ہے۔16۔ آپ ﷺ نے فرمایا، آسانی کرو اور سختی نہ کرو اور خوش کرو اور نفرت نہ دلاؤ۔17۔ حضرت جریر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہ

سے روایت کی، کہا: رسول اللہ ﷺ سے اچانک نظر پڑ جانے کے بارے میں پوچھا تو آپ نے مجھے حکم دیا کہ میں اپنی نظر ہٹا لوں۔18۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا "لڑائی کیا ہے؟ ایک (قسم کی) چال ہے (اللہ و رسول ﷺ کے دشمن سے کامیابی کی)۔19۔ میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا ہے، آپ فرماتے تھے ": چغل خور جنت میں داخل نہ ہو گا۔20۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا" : فجر کی دونوں رکعتیں دنیا اور دنیا میں جو کچھ ہے ان سب سے بہتر ہیں۔21۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا "بخار جہنم کی بھاپ میں سے ہے اس لیے اسے پانی سے ٹھنڈا کرو۔22۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا» **یا ذا الجلال والإکرام** «کو لازم پکڑو)یعنی: اپنی دعاؤں میں برابر پڑھتے رہا کرو۔23۔ رسول اللہ ﷺ نے مجھے ارشاد فرمایا" حق کہو خواہ کڑوا ہی کیوں نہ ہو۔24۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: "مومن ایک سوراخ سے دو مرتبہ نہیں ڈسا جاتا۔25۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "دنیا مومن کا قید خانہ اور کافر کی جنت ہے۔26۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جب تم میں سے کوئی شخص پانی پیئے تو (پینے کے) برتن میں (پانی پیتے ہوئے) سانس نہ لے۔27۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا" : مومن مومن کا آئینہ ہے، اور مومن مومن کا بھائی ہے۔28۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: جب کوئی کسی سے جھگڑا کرے تو چہرے (پر مارنے) سے پرہیز کرے۔29۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: بخیل وہ ہے جس کے سامنے میرا ذکر کیا جائے اور پھر بھی وہ مجھ پر صلاۃ (درود) نہ بھیجے۔ 30۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: آدمی کے جھوٹا ہونے کے لیے یہی کافی ہے کہ وہ ہر سنی ہوئی بات بیان کر دے۔۔31۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم میں سے کوئی شخص ایماندار نہ ہو گا جب تک اپنے بھائی کے لیے وہ نہ چاہے جو اپنے نفس کے لیے چاہتا ہے۔ 32۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "غلو میں گہرے اترنے والے (بے فائدہ موشگافیاں کرنے والے) ہلاک ہو گئے۔" آپ نے تین بار یہ بات ارشاد فرمائی۔ 33۔ رسول

اللہ ﷺ نے فرمایا : مسلمان کو گالی دینا فسق ہے۔ 34۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا'' :فساداور فتنے کے وقت عبادت کرنے کااتنا ثواب ہے جیسے میرے پاس ہجرت کرنے کا۔35۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ جس نے عصر کی نماز چھوڑ دی،اس کا نیک عمل ضائع ہو گیا۔36۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا :حیاء سے ہمیشہ بھلائی پیدا ہوتی ہے۔37۔ بے شک رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اوبین (اطاعت گزار، توبہ کرنے والے اور اللہ تعالی کی طرف رجوع کرنے والے لوگوں) کی نماز اس وقت ہوتی ہے، جب (گرمی سے) اونٹ کے دودھ چھڑائے جانے والے بچوں کے پاؤں جلنے لگتے ہیں۔38۔رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:اللہ تعالی کے نزدیک سب سے بڑھ کر بغض کے قابل وہ شخص ہے جو سخت جھگڑالو ہو۔ 39۔رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ اللہ تعالی جس کے ساتھ خیر و بھلائی کرنا چاہتا ہے اسے بیماری کی تکالیف اور دیگر مصیبتوں میں مبتلا کر دیتا ہے۔40۔رسول اللہ ﷺ نے فرمایا : جب سونے لگو تو آگ گھر میں موجود نہ رہنے دو (بجھا کر سوؤ)۔41 ۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا : میں نے تمہیں قبروں کی زیارت سے منع کیا تھا تو اب تم اس کی زیارت کیا کرو ۔42۔رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تم اس طرح نماز پڑھو جس طرح تم نے مجھے نماز پڑھتے دیکھا ہے۔ 43۔رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا : مجالس میں بہتر وہ ہے جو زیادہ کشادہ ہو۔44۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: دعا عبادت کا مغز ہے ۔45۔رسول اللہ ﷺ نے فرمایا'' :سب سے بہترین ذکر »لا إله إلا الله «اور سب سے بہترین دعا »الحمد لله «ہے۔46۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا :جس نے دو ٹھنڈے وقتوں کی نمازیں ادا کیں، وہ جنت میں داخل ہو گا(دن کا ٹھنڈا وقت عصر کا اور رات کا سب سے ٹھنڈا وقت فجر کا ہوتا ہے)۔47۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ''بدگمانی سے بچتے رہو، بدگمانی اکثر تحقیق کے بعد جھوٹی بات ثابت ہوتی ہے۔ 48۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا : میں ٹیک لگا کر نہیں کھاتا۔49۔رسول اللہ ﷺ جب بارش ہوتی

دیکھتے تو یہ دعا کرتے :اے اللہ! نفع بخشنے والی بارش برسا۔ 50۔رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "جس نے ایسا عمل کیا، ہمارا دین جس کے مطابق نہیں تو وہ مردود ہے۔ 51۔رسول اللہ ﷺ نے فرمایا (اندر داخل ہونے سے پہلے) اجازت مانگنا تو ہے ہی اس لیے کہ (اندر کی کوئی ذاتی چیز) نہ دیکھی جائے۔52۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایالوگ ہمیشہ بھلائی کے ساتھ رہیں گے جب تک روزہ جلد افطار کرتے رہیں گے۔53۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا : مومن کی جان اس کے قرض کی وجہ سے اٹکی رہتی ہے جب تک کہ اس کی ادائیگی نہ ہو جائے۔ 54۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا : جب جماعت کھڑی ہو جائے تو فرض نماز کے سوا کوئی نماز (جائز) نہیں۔55۔رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ تم میں سب سے بہتر وہ ہے جو قرآن مجید پڑھے اور پڑھائے۔ 56۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا'' :مشرکوں سے اپنے اموال، اپنی جانوں اور زبانوں سے جہاد کرو۔ 57۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ اگر میں آنے والے سال تک زندہ رہا تو میں نویں تاریخ کا بھی ضرور روزہ رکھوں گا ۔58۔رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اے عائشہ! اللہ تعالیٰ نرمی کرتا ہے اور ہر کام میں نرمی کو پسند کرتا ہے۔59۔رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "ہر نشہ آور چیز خمر ہے اور ہر نشہ آور چیز حرام ہے۔60۔ نبی کریم ﷺ کو سب سے زیادہ پسندیدہ وہ عمل تھا جس کو آدمی ہمیشہ کرتا رہے۔ 61۔ رسول اللہ ﷺ آئینہ دیکھتے ہوئے یہ دعا پڑھتے تھے» :اَللّٰهُمَّ أَحْسَنْتَ خَلْقِي فَأَحْسِنْ خُلُقِي «اے اللہ! جس طرح آپ نے میری صورت اچھی بنائی ہے، میری سیرت بھی اچھی کر دے۔ 62۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا : جب کوئی یہ کہے لوگ ہلاک ہوئے (حقارت سے اپنے تئیں عمدہ جان کر) تو وہ خود سب سے زیادہ ہلاک ہونے والا ہے۔ 63۔رسول اللہ ﷺ نے فرمایا :قریب المرگ آدمی کے پاس کلمہ شریف کا ورد کرو۔64۔رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کسی آدمی کے برے ہونے کے لیے یہی کافی ہے کہ وہ اپنے مسلمان بھائی کی تحقیر کرے۔65۔

آپ ﷺ نے فرمایا مسلمان وہ ہے جس کی زبان اور ہاتھ سے مسلمان بچے رہیں۔66۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا : رشتہ ناتا توڑنے والا جنت میں داخل نہیں ہو گا۔67۔رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے مجھ پر ایک بار درود بھیجا اللہ تعالیٰ اس پر دس بار رحمت نازل فرمائے گا۔68۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کے اے اللہ ! جتنی مکہ میں برکت عطا فرمائی ہے مدینہ میں اس سے دگنی برکت کر۔69۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ''جس نے ہمارے دین میں از خود کوئی ایسی چیز نکالی جو اس میں نہیں تھی تو وہ رد ہے۔ 70۔رسول اللہ ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا: "کوئی شخص جب وہ غصے کی حالت میں ہو دو (شخصوں یا فریقوں) کے مابین فیصلہ نہ کرے۔ 71۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ محرم کے سوا کوئی مرد کسی عورت کے ساتھ تنہائی میں نہ بیٹھے۔ 72۔ رسول اللہ ﷺ فر مایا: فرشتے اس گھر میں داخل نہیں ہوتے جس میں کتا ہو نہ (اس گھر میں جس میں) کوئی تصویر ہو۔ 73۔ رسول اللہ ﷺ فرمایا: یہود و نصاریٰ خضاب نہیں لگاتے تم ان کے خلاف کرو یعنی خضاب (سرخ مہندی) لگایا کرو۔74۔رسول اللہ ﷺ نے فرمایا : جس کی زیادہ مقدار نشہ آور ہو، اس کا تھوڑا بھی حرام ہے۔75۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا، اگر کسی شخص نے ایک بالشت بھر زمین بھی کسی دوسرے کی ظلم سے لے لی تو سات زمینوں کا طوق (قیامت کے دن) اس کے گردن میں ڈالا جائے گا۔ 76۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا : تہبند کا جو حصہ ٹخنوں سے نیچے لٹکا ہو وہ جہنم میں ہو گا۔ 77۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا : اپنے صدقہ کو واپس لینے والا شخص اس کتے کی طرح ہے جو اپنی ہی قے خود چاٹتا ہے۔78۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ صفیں برابر رکھو کیونکہ صفوں کا برابر رکھنا نماز کے قائم کرنے میں داخل ہے۔ 79۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا'' :بخیل وہ ہے جس کے سامنے میرا ذکر کیا جائے اور پھر بھی وہ مجھ پر صلاۃ (درود) نہ بھیجے''۔80۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ اے ابن آدم ! تو خرچ کر تو میں تجھ کو دیئے

جاؤں گا۔ 81۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''کسی شخص کے اسلام کی خوبی یہ ہے کہ وہ لایعنی اور فضول باتوں کو چھوڑ دے۔ 82۔ میں نے خود نبی کریم ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ)سامان بیچتے وقت دکاندار کے (قسم کھانے سے سامان تو جلدی بک جاتا ہے لیکن وہ قسم برکت کو مٹا دینے والی ہوتی ہے۔ 83۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: ''جب شام کا کھانا حاضر ہو، اور نماز کھڑی کر دی جائے تو پہلے کھالو''۔ 84۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "اللہ تعالی ظالم کو مہلت دیتا ہے، لیکن جب اسے پکڑتا ہے تو پھر نہیں چھوڑتا۔ 85۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "جہنم کو خواہشات سے ڈھانپ دیا گیا اور جنت کو ناگوار چیزوں سے ڈھانپ دیا گیا ہے" ۔86۔ آپ ﷺ نے فرمایا کہ جن چیزوں پر تم اجرت لے سکتے ہو ان میں سے زیادہ اس کی مستحق اللہ کی کتاب ہی ہے۔ 87۔ نبی ﷺ نے فرمایا: ''جو شخص نماز کو بھول جائے تو وہ اسے اسی وقت ادا کرے جب یاد آ جائے ۔ اس کے علاوہ اس کا کوئی کفارہ نہیں ہے ۔88۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "قیامت کے دن لوگوں کے مابین سب سے پہلے جو فیصلے کیے جائیں گے وہ خون کے بارے میں ہوں گے۔ 89۔ نبی ﷺ نے فرمایا: "آدمی اپنے دوست کے دین پر ہوتا ہے، لہٰذا تم میں سے ہر شخص کو یہ دیکھنا چاہیے کہ وہ کس سے دوستی کر رہا ہے"۔ 90۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''ہر بندہ (روزِ قیامت) اسی حالت پر اٹھایا جائے گا جس پر اس کی موت واقع ہوئی ہو گی''۔ 91۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا "امیری سامان کی کثرت سے نہیں ہوتی بلکہ حقیقی امیری تو دل کی امیری کا نام ہے''۔ 92۔ نبی اکرم ﷺ سے روایت کی، آپ نے فرمایا: "کچھ نمازیں گھر میں پڑھا کرو اور ان (گھروں) کو قبریں نہ بناؤ۔" 93۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: "اذان اور اقامت (تکبیر) کے درمیان کی ہوئی دعا رد نہیں کی جاتی۔" 94۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جو چیز تمہیں شک میں ڈالے اسے چھوڑ کر وہ اختیار کرو جو شک میں ڈالنے والی نہ ہو''۔ 95۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ''لذتوں کو توڑ دینے، کاٹ دینے والی کا ذکر کثرت سے کیا کرو (یعنی موت کا) 96۔ عائشہ

(رضی اللہ عنہا) نے بیان کیا کہ میں نے عرض کیا، یارسول اللہ ﷺ! میری دو پڑوسی ہیں، تو مجھے کس کے گھر ہدیہ بھیجنا چاہیے ؟ آپ ﷺ نے فرمایا جس کا دروازہ تم سے قریب ہو۔97۔رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جس نے (سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ) سو مرتبہ پڑھا، اس کے گناہ معاف کر دیے جاتے ہیں، خواہ سمندر کی جھاگ کے برابر ہی کیوں نہ ہوں۔''98۔نبی ﷺ نے فرمایا: ''اس شخص کی نماز نہیں جس نے سورۃ الفاتحہ نہیں پڑھی۔''99۔نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ''اللہ تعالیٰ نے اس آدمی کے لیے کوئی عذر باقی نہیں چھوڑا، جس کی موت کو اتنا مؤخر کر دیا کہ وہ ساٹھ سال کو پہنچ گیا۔100۔رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: نہ بتوں کی قسم کھاؤ اور نہ ہی اپنے آباواجداد کی۔

101.جو شخص کسی عورت کو اس کے شوہر سے یا غلام کو مالک سے برگشتہ کرے وہ ہم میں سے نہیں''102.نبی ﷺ نے فرمایا: "داؤد علیہ السلام صرف اپنے ہاتھ کی کمائی کھایا کرتے تھے"۔103.ایک مسلمان دوسرے مسلمان پر پورا پورا حرام ہے اس کا خون اور اس کا مال اور اس کی عزت و آبرو۔104.رسول ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ "جو شخص نرمی سے محروم کر دیا گیا وہ ہر قسم کی بھلائی سے محروم کر دیا گیا۔"105.رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ ہمارے اور اسلام قبول کرنے والے عام لوگوں کے درمیان نماز کا عہد و میثاق ہے جس نے نماز کو چھوڑ دیا اُس نے کفر کیا۔106.رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''مسلمان کافر کا وارث نہیں ہوگا اور نہ کافر مسلمان کا وارث ہوگا 107.رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''اللہ تعالیٰ تم میں سے کسی ایسے شخص کی نماز قبول نہیں کرتا، جسے وضو کی ضرورت ہو، یہاں تک کہ وہ وضو کر لے''۔108.نبی ﷺ جب بیت الخلاء میں داخل ہوتے تو یہ دعا پڑھتے کہ اے اللہ! میں خبیث جنات مردوں اور عورتوں سے آپ کی پناہ میں آتا ہوں۔109.رسول اللہ ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ قیامت کے دن اذان دینے والوں کی گردنیں تمام لوگوں سے لمبی ہوں گی۔110.رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تم میں

سے کوئی اگر مجلس سے اٹھ کر چلا جائے اور پھر واپس آئے تو وہی اس جگہ کا زیادہ حق رکھتا ہے۔111. نبی کریم ﷺ یہ دعا مانگتے تھے: ''اے اللہ! میں تجھ سے ہدایت، تقویٰ، پاک دامنی، اور لوگوں سے بے نیازی کا سوال کرتا ہوں۔''112. نبی کریم ﷺ نے فرمایا: "اللہ تعالٰی کے نزدیک بدترین نام اس شخص کا ہے، جو "ملک الاملاک" نام رکھے۔113. رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''بندے اور کفر اور شرک کے درمیان سوائے نماز چھوڑ دینے کے کوئی اور حد فاصل نہیں۔114. رسول اللہ ﷺ نے سود کھانے والے، کھلانے والے، لکھنے والے اور اس کے دونوں گواہوں پر لعنت کی اور فرمایا: (گناہ میں) یہ سب برابر ہیں۔115. نبی ﷺ نے فرمایا: ''کیا میں تمہیں یہ نہ بتاؤں کہ ''عَضْہ'' کیا چیز ہوتی ہے؟ اس سے مراد وہ چغلی ہے جو لوگوں کے درمیان نفرت پیدا کر دے''116. نبی ﷺ نے فرمایا کہ اللہ تعالٰی اس کتاب کے ذریعے بہت سی قوموں کو رفعت دیتا ہے اور بہت سی اقوام کو پستی میں گرا دیتا ہے۔117. آپ ﷺ فرما رہے تھے: ''ہر امت کی آزمائش کسی نہ کسی چیز میں ہے اور میری امت کی آزمائش (فتنہ) مال میں ہے۔118. رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''مالدار شخص کا (قرض کی ادائیگی میں) ٹال مٹول کرنا ظلم ہے اور اگر تم میں سے کسی کو (قرض کی وصولی کے لیے) کسی مالدار شخص کی طرف منتقل کر دیا جائے تو اسے چاہیے کہ وہ اس منتقلی کو قبول کر لے۔119۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "میں نے اپنے بعد کوئی ایسا فتنہ نہیں چھوڑا، جو مردوں کے حق میں عورتوں سے زیادہ ضرر رساں ہو۔120۔. رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''اللہ قیامت کے دن اس شخص کو (نظر رحمت سے) نہیں دیکھے گا جو اپنا کپڑا تکبر سے گھسیٹ کے چلتا ہے۔121. نبی ﷺ ایک گدھے کے پاس سے گزرے جس کے چہرے پر نشان تھا تو آپ نے کہا: "خدا اس پر لعنت کرے جس نے اسے نشان زدہ کیا۔122. ایک شخص نے رسول اللہ ﷺ سے عرض کیا کہ میں سورۂ اخلاص سے محبت کرتا ہوں تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ اس کی محبت تجھے جنت لے جائے گی۔123. رسول اللہ

صلی اللہ علیہ وسلم سے عاشورا کے دن کے روزے کے بارے میں پوچھا گیا تو آپ ﷺ نے فرمایا: یہ پچھلے سال کا کفارہ ہے۔124. رسول اللہ ﷺ نے فرمایا" رات کی نماز دو، دو رکعت کی صورت میں (پڑھی جائے) اور جب تم میں سے کسی کو صبح کے طلوع ہونے کا خدشہ واندیشہ لاحق ہونے لگے تو (آخر میں) ایک رکعت پڑھ لے۔ یہ رکعت اس کی ساری نماز کو وتر بنادے گی۔125. رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "اللہ کی راہ میں جہاد کے لیے ایک صبح یا ایک شام نکلنا دنیا ومافیہا سے بہتر ہے"۔126. رسول اللہ ﷺ نے فرمایا" مرغے کو گالی مت دو، کیونکہ وہ نماز کے لیے جگاتا ہے"۔127. رسول اللہ صلی ﷺ نے فرمایا جس شخص کے ساتھ اللہ تعالیٰ بھلائی کا ارادہ کرے اسے دین کی سمجھ عنایت فرمادیتا ہے۔128. رسول اللہ ﷺ نے فرمایا" اللہ نے مصنوعی بال جوڑنے والیوں پر، جڑوانے والیوں پر، گودنے والیوں پر اور گدوانے والیوں پر لعنت بھیجی ہے129. آپ ﷺ نے فرمایا اصفہان کے ستر ہزار یہودی دجال کی اطاعت و پیروی اختیار کریں گے جن کے سروں پر طیلسائیں ہوں گی۔130. آپ صل ﷺ نے فرمایا: "اجازت تین بار طلب کی جائے، اگر اجازت مل جائے تو ٹھیک ورنہ لوٹ جاؤ۔131. عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہما کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: قیامت کے دن لوگوں میں سے سب سے زیادہ سخت عذاب والے تصویر بنانے والے ہوں گے"۔132. رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو شخص ایمان و احتساب کے ساتھ رمضان کے روزے رکھے تو اللہ تعالیٰ اس کے گزشتہ گناہوں کو بخش دیتا ہے"۔133. رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "تمام بنی آدم خطا کار ہیں اور بہترین خطا کار وہ ہیں، جو کثرت سے توبہ کرنیوالے ہیں"۔134. سیدہ زینب الثقفیہ رضی اللہ عنھا کہتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "جو عورت مسجد میں آنا چاہے تو وہ خوشبو کو ہاتھ تک نہ لگائے۔135۔. رسول اللہ ﷺ نے مغرب سے پہلے دو رکعتیں پڑھیں اور فرمایا: "مغرب سے پہلے دو رکعتیں پڑھا کرو، (مغرب سے پہلے دو رکعتیں پڑھا کرو)۔" پھر تیسری

دفعہ فرمایا: ''جو چاہے پڑھ لے.136.رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''اگر مجھے اپنی امت کے مشقت میں پڑنے کا اندیشہ نہ ہوتا تو میں انہیں ہر نماز کے لیے مسواک کرنے کا حکم دے دیتا.137.ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: ''کلونجی میں موت کے سوا ہر بیماری سے شفا ہے۔138.نبی کریم ﷺ نے فرمایا جو شخص ہمارے خلاف اسلحہ اٹھائے، وہ ہم میں سے نہیں ہے اور جو شخص ہمیں دھوکہ دے وہ ہم میں سے نہیں ہے۔139.نبی کریم ﷺ نے فرمایا''قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہو گی جب تک کہ قبیلہ قحطان میں ایک ایسا شخص پیدا نہیں ہو گا جو لوگوں پر اپنی لاٹھی کے زور سے حکومت کرے گا۔140.ام المومنین سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہے میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا ہے، آپ فرماتے تھے: ''تلبینہ مریض کے دل کو تسکین دیتا ہے اور کچھ غم بھی دور کر دیتا ہے۔141.نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: ''جب تم میں سے کوئی شخص مسجد میں داخل ہو تو نہ بیٹھے یہاں تک کہ دو رکعت پڑھ لے۔142.رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کی لعنت کرنیوالے قیامت کے دن نا شفیع اور نا گواہ ہوں گے.143.رسول اللہ ﷺ نے فرمایا مجھے تمہارے بارے میں جس شے کا سب سے زیادہ خوف ہے وہ شرک اصغر ہے۔وہ ریاکاری ہے۔144.نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: ''مومن کے سوا کسی کو ساتھی نہ بناؤ اور تمہارا کھانا سوائے پرہیزگار کے کوئی اور نہ کھائے''145.رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''مرنے والوں کو برا مت کہو؛ کیوں کہ جو اعمال انھوں نے آگے بھیجے، وہ ان تک پہنچ چکے ہیں۔146.ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ وسلم کو فرماتے سنا: ''جب تم میت کی نماز جنازہ پڑھو، تو اس کے لیے خلوص دل سے دعا کرو''۔147.نبی ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''جو شخص دنیا میں کسی دوسرے شخص کی پردہ پوشی کرتا ہے اللہ تعالی قیامت کے دن اس کی پردہ پوشی فرمائے گا۔148.میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا ہے، آپ فرما رہے تھے: ''سب سے بڑی نیکی آدمی کا اپنے باپ کے دوست واحباب کے ساتھ محبت (حسن

سلوک) کرنا ہے۔ 149. رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "اللہ ایسے شخص پر رحم کرے، جو بیچتے وقت، خریدتے وقت اور تقاضا کرتے وقت فیاضی اور نرمی سے کام لیتا ہے۔" 150. رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ''جو اس بات کا خواہش مند ہو کہ اس کی روزی میں فراخی ہو اور اس کی عمر دراز کر دی جائے، اسے چاہیے کہ صلہ رحمی کیا کرے''۔ 151. رسول ﷺ نے فرمایا "اے اللہ! میری امت کے لیے دن کے ابتدائی حصہ میں برکت دے'' 152. رسول اللہ ﷺ نے فرمایا فقراء مال دار لوگوں سے پانچ سو سال (یعنی قیامت کا) نصف دن پہلے جنت میں داخل ہوں گے''۔ 153. سعد بن وقاص رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: ''اللہ تعالی اس بندے سے محبت کرتا ہے جو پرہیز گار، (مخلوق سے) بے نیاز اور پوشیدہ ہو۔'' 154. ایک شخص نے نبی ﷺ سے عرض کیا کہ مجھے کوئی نصیحت کریں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: ''غصہ نہ کیا کرو''۔ اس نے یہ سوال بار بار دہرایا اور آپ ﷺ نے یہی فرماتے رہے کہ غصہ نہ کیا کرو۔ 155. آپ نے فرمایا: ''جس نے امام کے ساتھ قیام کیا یہاں تک کہ وہ فارغ ہو جائے تو اس کے لیے پوری رات کا قیام لکھا جائے گا۔ 156. رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جنت میں ایک کمان کے برابر جگہ، دنیا کی ان تمام چیزوں سے بہتر ہے، جن پر سورج طلوع یا غروب ہوتا ہے''۔ 157. رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ ''کھانے کی موجودگی میں نماز نہ پڑھی جائے اور نہ ہی اس حالت میں نماز پڑھی جائے جب انسان کو پیشاب پاخانہ کی سخت حاجت ہو''۔ 158. رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''ہمارے اور اہل کتاب کے روزے میں سحری کھانے کا فرق ہے''۔ 159. نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: "جس نے سورۃ الکہف کی ابتدائی دس آیتیں یاد کر لیں، وہ دجال کے فتنے سے محفوظ رہے گا" 160. رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اے ابو ذر غفاری رضی اللہ عنہ ''جب تم کوئی شوربے والی چیز پکاؤ تو اس میں پانی کچھ زیادہ کر لیا کرو اور اپنے ہمسائے کا بھی خیال رکھا کرو''۔ 161۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''جس کا آخری کلام «لا إله

اِلا اللہ» ہو گا وہ جنت میں داخل ہو گا“162. رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "اللہ تعالیٰ یقیناتم میں سے کسی کے توبہ کرنے پر اس سے زیادہ خوش ہوتا ہے جتنا تم میں سے کوئی شخص اپنی گم شدہ سواری (واپس) پا کر خوش ہوتا ہے۔"163. نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ”دو چیزوں کی محبت میں بوڑھے کا دل جوان رہتا ہے: لمبی زندگی کی محبت، اور مال کی محبت میں“164. رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ”بندہ اپنے رب کے سب سے زیادہ قریب سجدہ کی حالت میں ہوتا ہے لہٰذا تم (سجدے میں) خوب دعا کیا کرو“165. نبی ﷺ نے فرمایا: ”جنت تمہارے جوتے کے تسمے سے بھی زیادہ تمہارے قریب ہے۔166. ابو مرثد غنوی رضی اللہ عنہ نے فرمایا میں نے نبی ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: ”نہ قبروں کی طرف منہ کر کے نماز پڑھو اور نہ ان پر بیٹھو“۔ 167. رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو شخص چاندی کے برتن میں کھاتا ہے۔ وہ اپنے پیٹ میں دوزخ کی آگ داخل کرتا ہے۔"168. نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا گزر راستے میں گری پڑی ایک کھجور پر ہوا تو اسے دیکھ کر فرمایا“ اگر مجھ کو اس کا اندیشہ نہ ہوتا کہ شاید یہ صدقہ کی ہو، تو میں اسے ضرور کھالیتا۔ 169. رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ”اللہ تعالیٰ ہر اس شخص کی توبہ قبول کرے گا جس نے سورج کے مغرب سے طلوع ہونے سے پہلے توبہ کی“۔170. نبی کریم ﷺ نے فرمایا جو کوئی رمضان میں (راتوں کو) ایمان رکھ کر اور ثواب کے لیے عبادت کرے اس کے پچھلے گناہ بخش دیئے جاتے ہیں۔171. نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ "جو شخص رات کو سورۂ بقرہ کی آخری دو آیتیں پڑھ لیتا ہے اسے یہ کافی ہو جاتی ہیں"۔172. رسول اللہ ﷺ نے (کھانے کے بعد) انگلیاں اور پلیٹ چاٹ لینے کا حکم دیا، اور فرمایا: ”تم نہیں جانتے کہ ان میں سے کس (کھانے) میں برکت ہے"173. رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ "اللہ تعالی شہید کا ہر گناہ معاف کر دیتا ہے سوائے قرض کے۔"174. نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: ”نرمی جس چیز میں بھی ہوتی ہے، اسے مزیّن کر دیتی ہے اور جس چیز سے بھی کھینچ لی جاتی ہے، اسے بد نما اور عیب

دار کر دیتی ہے"175. ابو قتادہ سے روایت کیا کہ رسول اللہ ﷺ سے یوم عرفہ کے بارے دریافت کیا گیا تو فرمایا یہ سال گذشتہ اور آئندہ کے گناہوں کا کفارہ بن جاتا ہے۔176. رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "جب آدمی اپنے اہل وعیال پر ثواب کی نیت سے خرچ کرتا ہے تو وہ اس کے لئے صدقہ شمار ہوتا ہے"۔177. نبی ﷺ نے فرمایا فتح کے بعد ہجرت باقی نہیں ہے، لیکن خلوص نیت کے ساتھ جہاد اب بھی باقی ہے اس لیے تمہیں جہاد کے لیے بلایا جائے تو نکل کھڑے ہو۔178. رسول اللہ ﷺ نے فرمایا (قیامت کے قریب) ایمان مدینہ میں اس طرح سمٹ آئے گا جیسے سانپ سمٹ کر اپنے بل میں آجایا کرتا ہے۔179. نبی ﷺ نے فرمایا: تم آگ سے بچو، خواہ کھجور کے ایک ٹکڑے ہی سے کیوں نہ ہو، اگر وہ بھی نہ ملے تو اچھی بات کے ذریعے (آگ) سے بچو۔180. رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "جس شخص نے حج کیا اور اس نے (اس دوران) کوئی فحش کلامی اور گناہ نہیں کیا تو وہ (حج کے بعد گناہوں سے پاک ہو کر اپنے گھر اس طرح) لوٹتا ہے جیسے اس دن تھا جس دن اس کی ماں نے اسے جنا تھا"۔181. رسول ﷺ نے فرمایا کہ "بہت سارے پراگندہ بال والے، لوگوں کے دھتکارے ہوئے ایسے ہیں کہ اگر اللہ تعالی پر قسم کھالیں تو اللہ تعالیٰ اُن کی قسم پوری فرمادے"۔182. رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "شب قدر کو رمضان کے آخری عشرے کی طاق راتوں میں تلاش کرو"183. عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے میرا کندھا پکڑ کر فرمایا: "تم دنیا میں ایسے رہو گویا تم ایک پردیسی یا راہ گیر ہو۔184. عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے اللہ کے رسول ﷺ سے پوچھا نجات کس چیز میں ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: "اپنی زبان کو قابو میں رکھو، اپنے گھر کو لازم پکڑو اور اپنے گناہوں پر رویا کرو"185. رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "اُس قافلے کے ساتھ فرشتے نہیں ہوتے جس میں کتا اور گھنٹی ہو"۔186. رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا " لوگوں میں سے سب سے اچھا وہ شخص ہے جس کی عمر لمبی ہو اور عمل اچھا

ہو۔187. رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جب تم لباس پہنو اور جب تم وضو کرو، تو اپنی دائیں جانب سے شروع کرو''۔188. آپ ﷺ نے فرمایا کہ ایک مومن دوسرے مومن کے ساتھ ایک عمارت کے حکم میں ہے کہ ایک کو دوسرے سے قوت پہنچتی ہے۔ اور آپ ﷺ نے اپنے ایک ہاتھ کی انگلیوں کو دوسرے ہاتھ کی انگلیوں کے اندر کیا۔189. رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ''مومن اس وقت تک اپنے دین کے بارے میں برابر کشادہ رہتا ہے (اسے ہر وقت مغفرت کی امید رہتی ہے) جب تک ناحق خون نہ کرے190. رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جس نے شبِ قدر میں حالتِ ایمان کے ساتھ ثواب کی غرض سے قیام کیا اُس کے سابقہ گناہ بخش دیے جاتے ہیں''۔191. رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''مریض کی عیادت کرو، بھوکے کو کھانا کھلاؤ اور قیدی کو آزاد کراؤ''192. نبی ﷺ نے فرمایا: ''اللہ تعالیٰ کے نزدیک سب سے زیادہ پسندیدہ مقامات، مساجد ہیں اور سب سے زیادہ ناپسندیدہ مقامات، بازار ہیں''۔193. رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''مومن اپنے حُسنِ اخلاق کی وجہ سے روزے دار اور شب بیدار عبادت گزار کا درجہ پالیتا ہے''۔194. نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ کوئی عورت کسی عورت سے ملنے کے بعد اپنے شوہر سے اس کا حلیہ نہ بیان کرے، گویا کہ وہ اسے دیکھ رہا ہے۔195. نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ''اللہ تعالیٰ نے میری امت کے لیے ان خیالات کو معاف کر دیا، جو ان کے دلوں میں پیدا ہوتے ہیں، جب تک ان پر عمل نہ کر لیں یا زبان سے ادا نہ کر دیں''196. رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''اسلام کے آغاز اجنبی کی حیثیت سے ہوا اور عنقریب پھر اسی طرح اجنبی ہو جائے گا جیسے شروع ہوا تھا، خوش بختی ہے اجنبیوں کے لیے۔''197. رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ ''جس شخص نے نیکی کی طرف رہنمائی کی تو اس کو اس نیکی کا کام کرنے والے کے مثل اجر ملے گا''۔198. رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جو عورت اپنے ولی کی اجازت کے بغیر نکاح کرے، اس کا نکاح باطل ہے''199. نبی کریم ﷺ نے فرمایا ''سب سے سچی بات جو کوئی شاعر کہہ سکتا تھا وہ لبید

شاعر نے کہی "ہاں اللہ کے سوا ہر چیز باطل ہے۔200. رسول ﷺ نے ارشاد فرمایا: "کوئی بھی بچہ اپنے والد کا بدلہ نہیں چکا سکتا ہاں (ایک صورت ہے) اگر وہ اسے کسی کی غلامی میں پائے تو اسے خریدے اور آزاد کردے"۔201۔آپ ﷺ نے فرمایا: "جو شخص کسی غیب کی خبریں سنانے والے کے پاس آئے اور اس سے کسی چیز کے بارے میں پوچھے تو چالیس راتوں تک اس شخص کی نماز قبول نہیں ہوتی۔202۔رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "مدینہ میں داخل ہونے کے راستوں پر فرشتے مقرر ہیں، اس میں طاعون اور دجال داخل نہیں ہوسکے گا۔"203۔رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جماعت کے ساتھ نماز اکیلے نماز پڑھنے سے ستائیس درجہ زیادہ فضیلت رکھتی ہے۔204۔رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "جو اللہ کی اطاعت وفرماں برداری کی نذر مانے تو اسے چاہیئے کہ وہ اس کی اطاعت کرے، اور جو اللہ کی نافرمانی کرنے کی نذر مانے تو اس کی نافرمانی نہ کرے"۔205۔رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "تم میں سے ہر ایک کی دعا قبول ہوتی ہے، بشرطیکہ وہ جلدی نہ کرے" (جلدی اس طرح کہ) "وہ یوں کہتا ہے کہ میں نے اللہ تعالیٰ سے دعا کی لیکن اللہ تعالیٰ نے میری دعا قبول نہ کی"۔206۔رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: دو نعمتیں ایسی ہیں جن میں اکثر لوگ اپنا نقصان کرتے ہیں۔ صحت اور فراغت۔207۔رسول اللہ ﷺ سے سنا، آپ فرماتے تھے: "پچھاڑ دینے سے کوئی شخص طاقتور نہیں ہوتا۔" صحابہ نے پوچھا: اے اللہ کے رسول ﷺ! پھر طاقت ور کون ہے؟ آپ نے فرمایا: "جو غصے کے وقت خود کو قابو میں رکھتا ہے۔"208 ۔رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "جس نے دو بچیوں کی ان کے بالغ ہونے تک پرورش کی، تو میں اور وہ روز قیامت اس طرح آئیں گے۔" پھر آپ ﷺ نے قربت کی وضاحت کرتے ہوئے اپنی انگلیوں کو ملایا۔209۔رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "جس نے رخسار پیٹے یا گریبان چاک کیا یا اہل جاہلیت کی طرح پکارا، وہ ہم میں سے نہیں۔210۔رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "جو مجھ سے اپنی دونوں ڈاڑھوں اور دونوں ٹانگوں کے بیچ کا ضامن ہو میں اس کے

لیے جنت کا ضامن ہوں۔ 211۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''میرے دل پر غفلت کا پردہ آ جاتا ہے، حالانکہ میں اپنے پروردگار سے ہر روز سو بار استغفار کرتا ہوں''۔ 212۔ میں نے نبی ﷺ سے پوچھا: اللہ عزوجل کے ہاں کون سا عمل زیادہ محبوب ہے؟ آپ نے فرمایا: ''بروقت نماز ادا کرنا'' پھر پوچھا: اس کے بعد کون سا؟ آپ نے فرمایا: ''والدین کے ساتھ اچھا سلوک کرنا۔ 213۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ''جو آدمی اپنا مال بڑھانے اور زیادہ کرنے کی غرض سے لوگوں سے مانگتا ہے تو ایسا آدمی اپنے لئے انگاروں کے سوا اور کوئی چیز نہیں مانگتا۔ (اب اس کی مرضی ہے) چاہے انہیں کم کر لے چاہے زیادہ۔'' 214۔ رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا، ''قرآن پڑھا کرو، کیونکہ وہ روز قیامت اپنے پڑھنے والوں کے لیے سفارشی بن کر آئے گا،۔ 215۔ نبی کریم ﷺ سے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا (اپنے حاکم کی) سنو اور اطاعت کرو، خواہ ایک ایسا حبشی (غلام تم پر) کیوں نہ حاکم بنا دیا جائے جس کا سر سوکھے ہوئے انگور کے برابر ہو۔ 216۔ نبی اکرم ﷺ کہتے تھے: ''اے اللہ! جنون (پاگل پن)، جذام، برص اور برے امراض سے تیری پناہ مانگتا ہوں''۔ 217۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''اللہ تعالیٰ جتنا عرفہ کے دن اپنے بندوں کو جہنم سے آزاد کرتا ہے اتنا کسی اور دن نہیں 218۔ رسول اللہ ﷺ فرمایا کرتے تھے: "اے مسلمان عورتو! کوئی پڑوسن اپنی پڑوسن کے لیے (تحفے کو) حقیر نہ سمجھے چاہے وہ بکری کا ایک کھر ہو۔ (جو میسر ہے بھیج دو)۔ 219۔ آپ ﷺ نے فرمایا: جس نے کسی نجومی یا کاہن کے پاس جا کر اس کی باتوں کی تصدیق کی تو اس نے اس دین کے ساتھ کفر کیا جو محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اتارا گیا ہے۔ 220۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "جس نے رمضان کے روزے رکھے۔ پھر اس کے بعد شوال کے چھ روزے رکھے تو یہ (پورا سال) مسلسل روزے رکھنے کی طرح ہے۔ 221۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''میری امت کے آخر میں ایک ایسا خلیفہ ہو گا جو مال کے چلو بھر بھر کے (لوگوں کو) دے گا اور اسے شمار نہیں کرے گا۔'' 222۔ رسول اللہ

ﷺ نے فرمایا: جسے تحفے میں کوئی خوشبو پیش کی جائے تو وہ اسے واپس نہ کرے۔اس کا بوجھ کچھ بھی نہیں ہوتا اور مہک خوشگوار ہوتی ہے۔223۔ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ : آپ اکثر یہی مانگتے تھے : ''اے اللہ ! میں اپنے عمل کی برائی سے پناہ مانگتا ہوں، جو میں کر چکا اور جو ابھی نہیں کیے ہیں'' (اور بعد میں کرنے والا ہوں)۔224۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: ''اللہ اپنے بندے کی توبہ اس وقت تک قبول کرتا ہے جب تک کہ (موت کے وقت) اس کے گلے سے خر خر کی آواز نہ آنے لگے'' 225۔ نبی ﷺ نے فرمایا: میت پر قبر میں عذاب ہوتا ہے اس پر نوحہ کرنے کی وجہ سے۔226۔رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ میرے گھر اور میرے اس منبر کے درمیان کا حصہ جنت کی کیاریوں میں سے ایک کیاری ہے۔227۔رسول اللہ صل ﷺ نے فرمایا: "اللہ تعالی غیرت فرماتا ہے۔ اللہ کی غیرت اس بات پر ہوتی ہے کہ مومن ایسے کام کا ارتکاب کرے جو اس نے اس پر حرام کیا ہے۔"228۔رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "دنیا متاع (کچھ وقت تک کے لیے فائدہ اٹھانے کی چیز) ہے اور دنیا کی بہترین متاع نیک عورت ہے۔229۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ اگر عورت اپنے شوہر سے ناراضگی کی وجہ سے اس کے بستر سے الگ تھلگ رات گزارے تو فرشتے اس پر اس وقت تک لعنت بھیجتے ہیں جب تک وہ اپنی اس حرکت سے باز نہ آ جائے۔230۔رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "انسان کے لیے اتنا گناہ ہی کافی ہے کہ وہ جن کی خوراک کا مالک ہے انھیں نہ دے۔231۔رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جو شخص دنیا میں شراب پیئے گا، وہ آخرت میں نہیں پی سکے گا مگر یہ کہ وہ توبہ کر لے''۔232۔رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: پلانے والے کو سب سے آخر میں پینا چاہیئے۔233۔رسول اللہ ﷺ نے اشج عبد القیس سے فرمایا۔ کہ ''تمہارے اندر دو خصلتیں (خوبیاں) ایسی ہیں جو اللہ تعالی کو پسند ہیں: بردباری اور وقار (یعنی جلد بازی نہ کرنا۔۔234۔رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "جو شخص روزے کی حالت میں بھول گیا اور کھالیا یا پی لیا تو وہ اپنا روزہ پورا کرے کیونکہ اس کو اللہ

نے کھلایا اور پلایا ہے۔"235۔رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''منافق کی تین علامتیں ہیں: جب بات کرے تو جھوٹ بولے، جب وعدہ کرے تو (اس کی) خلاف ورزی کرے اور جب اسے (کسی چیز کا) امین بنایا جائے تو (اس میں) خیانت کرے۔''236۔رسول اللہ ﷺ کو یہ فرماتے سنا ہے کہ ''قیامت کے روز میری امت کہ لوگ ایسی حالت میں آئیں گے کہ وضو کے اثرات کی وجہ سے ان کے ہاتھ پاؤں چمکتے ہوں گے۔237۔رسول اللہ ﷺ نے (دعا کرتے ہوئے) فرمایا: "اے اللہ! اے دلوں کو پھیرنے والے! ہمارے دلوں کو اپنی اطاعت پر پھیر دے۔"238۔نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: ''جو شخص اپنے بھائی کی عزت (اس کی غیر موجودگی میں) بچائے اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس کے چہرے کو جہنم سے بچائے گا''239۔رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''تو تم اس حالت میں نہ چلو کہ ایک پاؤں میں جوتا اور دوسرا پاؤں ننگا ہو، بلکہ وہ دونوں پاؤں سے جوتے اتار دے یا دونوں پاؤں ننگے رکھ کر چلے۔''240۔دستک دی تو آپ ﷺ نے فرمایا: ''کون ہے؟'' میں نے عرض کیا: میں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: ''میں، میں؟'' گویا کہ آپ ﷺ نے یہ جواب نا پسند فرمایا۔241۔آپ ﷺ نے فرمایا۔ جو شخص اللہ کے راستے میں کچھ خرچ کرتا ہے، اس کے لئے سات سو گنا ثواب لکھا جاتا ہے۔"242۔آپ ﷺ نے فرمایا کہ لوگوں کی مثال اونٹوں کی سی ہے قریب ہے کہ تو ان میں سے ایک کو بھی سواری کے قابل نہ پائے۔243۔نبی کریم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ قیامت کے دن ہر شخص اپنے صدقے کے سائے میں ہوگا، یہاں تک کہ لوگوں کے درمیان حساب کتاب اور فیصلہ شروع ہو جائے،244۔نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: ''سفید کپڑے پہنا کرو، اس لیے کہ یہ زیادہ پاکیزہ اور عمدہ ہوتے ہیں اور اپنے مردوں کو سفید کفن دیا کرو''۔245۔رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جب دو مسلمان آپس میں ملتے اور دونوں ایک دوسرے سے مصافحہ کرتے ہیں تو ان دونوں کے ایک دوسرے سے علیحدہ ہونے سے پہلے ہی ان کی مغفرت ہو جاتی

ہے''۔246۔رسول اللہ ﷺ نے مجھ سے فرمایا: ''بیٹے! جب تم اپنے گھر والوں کے پاس جاؤ تو انہیں سلام کیا کرو، یہ سلام تمہارے لیے اور تمہارے گھر والوں کے لیے خیر و برکت کا باعث ہو گا''۔247۔رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''ریشم کا لباس اور سونا میری امت کے مردوں پر حرام ہے اور ان کی عورتوں کے لیے حلال کیا گیا ہے''۔248۔آپ ﷺ نے فرمایا جب تم میں سے کسی کو جمائی آئے تو وہ اپنے منہ پر ہاتھ رکھے کیونکہ شیطان منہ میں داخل ہو جاتا ہے۔249۔رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''مشرکوں کی مخالفت کرو، مونچھیں اچھی طرح تراشو اور داڑھیاں بڑھاؤ۔250۔رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جب تین افراد کسی سفر میں ہوں تو ہوئے کہ اپنے میں سے کسی ایک کو امیر بنا لیں''۔251۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''اللہ اپنے بندے پر اپنی نعمت کا اثر دیکھنا پسند کرتا ہے۔252۔ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جس شخص میں تین خصلتیں ہوں گی وہ ایمان کی مٹھاس کو ضرور پالے گا(وہ تین خصلتیں یہ ہیں): 1۔اللہ تعالیٰ اور اس کا رسول ﷺ اسے باقی تمام چیزوں سے زیادہ محبوب ہوں۔2۔ جس شخص سے بھی اسے محبت ہو وہ محض اللہ تعالیٰ کی وجہ سے ہو۔ 3۔ کفر سے نجات پانے کے بعد دوبارہ(حالتِ) کفر میں لوٹنے کو وہ اس طرح ناپسند کرتا ہو جیسے آگ میں پھینکے جانے کو ناپسند کرتا ہے۔253۔رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "ایمان کے اعتبار سے کامل ترین مؤمن وہ ہے جو اخلاق میں سب سے بہتر ہو اور تم میں سب سے بہتر وہ ہے جو اپنی عورتوں کے حق میں سب سے بہتر ہو۔"254۔رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو شخص اپنے آپ کو اپنے باپ کے بجائے کسی دوسرے شخص کی طرف منسوب کرے اور وہ یہ جانتا بھی ہو کہ یہ میرا باپ نہیں ہے تو اس پر جنت حرام ہے۔255۔رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "جو شخص (لوگوں کو) سناتا ہے اللہ تعالیٰ اس کے بارے میں (سب کو) سنوائے گا اور جو (اپنا عمل) لوگوں کو دکھاتا ہے اللہ تعالیٰ اس کے بارے میں لوگوں کو دکھائے گا۔"256۔اللہ کے رسول ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''تنگی اور آسانی، نشاط اور سستی

اور دوسروں کو تم پر ترجیح دیے جانے کی صورت میں بھی تم امیر کی بات سننا اور اس کی اطاعت کرنا اپنے اوپر لازم کر لو۔ 257۔آپ ﷺ نے فرمایا اے عائشہ اس گھر میں نہیں آسکتی جس میں کھجور ہو آپ نے دو مرتبہ یا تین مرتبہ فرمایا۔ 258۔رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ ''شہید کو قتل سے اتنی ہی تکلیف ہوتی ہے جتنی کہ تم میں سے کسی کو چیونٹی کے کاٹنے سے ہوتی ہے''۔ 259۔آپ ﷺ اکثر یہ دعا کیا کرتے تھے (اے اللہ! ہمیں دنیا میں بھلائی عطا کر اور آخرت میں بھلائی عطا کر اور ہمیں دوزخ سے بچا)۔ 260۔رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "جو شخص مر گیا اور جہاد کیا نہ دل میں جہاد کا ارادہ ہی کیا، وہ نفاق کی ایک قسم میں مرا۔ 261۔رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جس شخص کی عصر فوت گئی گویا اس کا گھر بار لٹ گیا''۔ 262۔رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جو علم حاصل کرنے کے ارادہ سے کہیں جائے، تو اللہ اس کے لیے جنت کے راستے کو آسان (وہموار) کر دیتا ہے'' 263۔رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''کسی بھی نیکی کو ہر گز حقیر مت جانو، خواہ یہ تمہارا اپنے بھائی کے ساتھ خوش باش چہرے کے ساتھ ملنا ہی کیوں نہ ہو''۔ 264۔میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ فرماتے سنا ہے کہ: ''اللہ ایسے لوگوں کو عذاب دے گا جو دنیا میں لوگوں کو عذاب دیتے ہیں۔'' 265۔میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے کہ ''جب تم میں سے کسی آدمی کا تسمہ ٹوٹ جائے تو وہ ایک ہی جوتی پہن کر نہ چلے جب تک کہ اپنی اس جوتی کے تسمہ کو ٹھیک نہ کرالے''۔ 266۔رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ''اللہ تعالی کے ننانوے نام ہیں، جو انہیں یاد کر لے گا وہ جنت میں جائے گا۔ 267۔رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ''عہد توڑنے والے کے لیے قیامت میں ایک جھنڈا اٹھایا جائے گا اور پکارا جائے گا کہ یہ فلاں بن فلاں کی دغا بازی کا نشان ہے۔'' 268۔رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''کوئی آدمی کسی آدمی کو اس کی جگہ سے نہ اٹھائے کہ پھر اس کی جگہ بیٹھ جائے، البتہ (آنے والے کو مجلس میں) جگہ دے دیا کرو اور فراخی کر دیا کرو''۔ 269۔رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "تم میں سے کوئی کسی کی بیع پر بیع

نہ کرے اور ہی اپنے بھائی کے پیغام پر نکاح کا پیغام بھیجو مگر یہ کہ وہ اجازت دے دے270۔رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ’’تم میں سب سے بہتر وہ ہے جو اپنے اہل کے لیے بہترین ہے اور میں اپنے اہل کے حق میں سب سے بہتر ہوں 271۔رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ’’اگر مجھے پائے یا دست (کے گوشت کھانے کی) کی دعوت دی جائے تو میں یقیناً قبول کروں گا اور اگر مجھے دست یا پایا بطورِ تحفہ بھیجا جائے تو میں اسے ضرور قبول کروں گا‘‘۔272۔رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ’’ابوذر! جب تم ہر ماہ کے تین دن کے روزے رکھو تو تیرہویں، چودہویں اور پندرہویں تاریخ کو رکھو‘‘۔273۔آپ ﷺ نے فرمایا: جس دن لوگ رب العالمین کے لیے کھڑے ہوں گے۔‘‘ یہاں تک کہ ان میں سے کوئی ایک اپنے نصف کانوں تک اپنے پسینے میں غائب ہو جائے گا۔274۔رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ’’گھوڑوں کی پیشانیوں سے قیامت تک کے لیے خیر (اور برکت) وابستہ کر دی گئی ہے، یعنی اجر اور غنیمت۔‘‘275۔رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "تم میں سے کوئی شخص اس وقت تک کامل مؤمن نہیں ہو سکتا، جب تک میں اس کے نزدیک اس کی اولاد، اس کے والدین اور تمام لوگوں سے زیادہ محبوب نہ ہو جاؤں"۔276۔رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ’’جو شخص صبح کے وقت یا شام کے وقت مسجد جاتا ہے اللہ تعالیٰ اس کے لیے جنت میں ضیافت تیار کرتا ہے جب بھی وہ صبح یا شام کے وقت (مسجد) جاتا ہے‘‘۔277۔رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "جس نے جمعے کے دن وضو کیا، اس نے سنت پر عمل کیا اور یہ بہت عمدہ سنت ہے اور جس نے غسل کیا، تو یہ افضل ہے"۔278۔رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ اگر تم لوگوں کی پوشیدہ باتوں کے درپے ہوگے تو تم انہیں بگاڑ کر رکھ دو گے یا انہیں بگاڑنے کے کگار پر ہوگے279۔میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: ’’آدمؑ کی تخلیق اور قیام قیامت کے درمیان دجال سے بڑھ کر کوئی فتنہ نہیں۔‘‘280۔نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ چھوت لگنا کوئی چیز نہیں ہے اور بدشگونی نہیں ہے البتہ نیک فال مجھے پسند ہے۔ صحابی نے

عرض کیا نیک فال کیا ہے؟ نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ اچھی بات منہ سے نکالنا یا کسی سے سن لینا۔ 281۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جس نے علم نجوم کا کوئی حصہ اخذ کیا تو اس نے اتنا ہی جادو اخذ کیا، وہ جتنا اضافہ کرے گا اتنا ہی اضافہ ہو گا''۔ 282۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: ''اللہ تعالیٰ نے ایسی کوئی بیماری نہیں اتاری جس کی دوا نہ اتاری ہو''۔ جان لیا جس نے جان لیا اور جاہل رہا جو اس جاہل رہا۔ 283۔ رسول اللہ ﷺ یہ دعا فرماتے: ''اے اللہ! مجھے برے اخلاق، برے اعمال، بری خواہشات اور بری بیماریوں سے بچا۔'' 284۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "اپنی صفوں کو سیدھا کر لو؛ ورنہ اللہ تمھارے مابین تفرقہ ڈال دے گا"۔ 285۔ آپ ص ﷺ نے ارشاد فرمایا: "لوگوں میں سے اللہ کے سب سے زیادہ قریب وہ شخص ہے، جو ان میں سے سلام کرنے میں پہل کرتا ہے" 286۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "جب جمعہ کے دن امام خطبہ دے رہا ہو اور تم اپنے پاس بیٹھے ہوئے آدمی سے کہو کہ "خاموش ہو جاؤ" تو (ایسا کہہ کر) تم نے خود ایک لغو حرکت کی"۔ 287۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''مجھ پر جب بھی کوئی سلام بھیجتا ہے، تو اللہ تعالیٰ میری روح مجھے لوٹا دیتا ہے، یہاں تک کہ میں اس کے سلام کا جواب دیتا ہوں''۔ 288۔ نبی کریم ﷺ سجدہ اور رکوع میں اکثر یہ پڑھا کرتے تھے۔ سبحانک اللّٰھم ربنا وبحمدک، اللّٰھم اغفرلي۔ 289۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ''خوب محبت کرنے والی اور خوب جننے والی عورت سے شادی کرو، کیونکہ) بروز قیامت (میں تمہاری کثرت کی وجہ سے دوسری امتوں پر فخر کروں گا''۔ 290۔ آپ ﷺ نے فرمایا: سوموار اور جمعرات کو (اللہ کے ہاں) اعمال پیش کیے جاتے ہیں، لہٰذا مجھے یہ پسند ہے کہ میرا عمل (بارگاہِ الٰہی میں) پیش کیا جائے تو میں روزے سے ہوں۔ 291۔ رسول اللہ ﷺ نے سورج کے نکلنے یا اس کے ڈوبنے کے ساتھ نماز پڑھنے سے منع فرمایا ہے۔ 292۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ''دینار و درہم کے بندے، عمدہ ریشمی چادروں کے بندے، سیاہ کملی کے بندے، تباہ ہو گئے کہ اگر انہیں دیا جائے تو وہ خوش ہو جاتے ہیں اور اگر

نہ دیا جائے تو ناراض رہتے ہیں۔ 293۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جس شخص سے علم کی بات پوچھی گئی اور اس نے اسے چھپالیا، تو قیامت کے دن اسے آگ کی لگام پہنائی جائے گی''۔ 294۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا؛" قیامت اس وقت تک قائم نہ ہو گی یہاں تک کہ ارض حجاز سے ایک آگ نکلے گی جو (شام کے شہر) بصری میں اونٹوں کی گردنوں کو روشن کردے گی۔" 295۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''بندہ جب بیمار ہوتا ہے یا سفر کرتا ہے تو اس کے لیے ان عبادات کا ثواب لکھ دیا جاتا ہے جنھیں وہ حالتِ اقامت یا صحت میں ادا کیا کرتا تھا۔'' 296۔ آپ ﷺ نے فرمایا: ''تم کھڑے ہو کر نماز پڑھو، اگر کھڑے ہونے کی طاقت نہ ہو تو بیٹھ کر پڑھو، اور اگر بیٹھنے کی بھی طاقت نہ ہو تو پہلو کے بل لیٹ کر پڑھو''۔ 297۔ نبی ﷺ نے فرمایا: ''اللہ سے پناہ مانگا کرو آزمائش کی مشقت، بد بختی کی پستی، برے خاتمے اور شماتتِ اعداء (دشمن کے ہنسنے) سے۔ 298۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا" جب تم میں سے کسی کو دعوت دی جائے تو اسے قبول کرنی چاہیے، اگر وہ روزہ سے ہو تو اس (دعوت دینے والے) کے حق میں دعا کرے اور اگر روزہ سے نہ ہو تو کھالے۔" 299۔ اللہ کے رسول ﷺ نے فرمایا: ''جس بندے کے قدم اللہ کے راستے میں غبار آلود ہو گئے، اسے (جہنم کی) آگ چھوئے؟ (یہ ناممکن ہے)۔'' 300۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "منافق کو سید (یعنی آقا) نہ کہو کیوں کہ اگر وہ (حقیقت میں) سید ہے بھی تو (تب بھی ایسا کہہ کر) تم اپنے رب کو ناراض کروگے۔

....